
الاربعون في فضل المساجد وعمارتها

چالیس احادیث طیبہ

(مساجد کی فضیلت اور آبادکاری سے متعلق چالیس احادیث طیبہ)



از
شیخ الحنابلہ عبداللہ بن عقیل

مترجم:
الاستاذ علامہ مفتی محمد یونس مدنی قادری

اَلْأَرْبَعُوْنَ فِيْ فَضْلِ الْمَسَاجِدِ وَعِمَارَتِهَا

چالیس احادیث طیبہ

(مساجد کی فضیلت اور آبادکاری سے متعلق چالیس احادیث طیبہ)

از

شیخ الحنابلۃ عبداللہ بن عقیل

بأسانیدہ عن شیوخہ

تخریج

محمد بن ناصر العجمی

مترجم:

الاستاذ علامہ مفتی محمد یونس مدنی قادری

استاذ الحدیث: جامعہ اسلامیہ لاہور

امام وخطیب: جامع مسجد E/2 واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی، واپڈا ٹاؤن لاہور

مکتبہ ذوالجلال والاکرام

E/2 واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی، واپڈا ٹاؤن لاہور

0300-6548985

☆ نام کتاب　　اَلتَّرْغِیْبُ فِی فَضْلِ الْمَسَاجِدِ وَعِمَارَتِهَا

☆ مصنف　　شیخ الحنابلہ عبداللہ بن عقیل

☆ مترجم　　الاستاذ علامہ مفتی محمد یونس مدنی قادری
0300-6548985

☆ پروف ریڈنگ　　محمد عمران عنصر

☆ ناشر　　مکتبہ ذوالجلال والاکرام
E/2 واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی، واپڈا ٹاؤن لاہور

☆ پرنٹر　　ڈیزائن پلس، حق سٹریٹ اردو بازار، لاہور۔ 0324-6623364

☆ اشاعت　　ربیع الثانی 1441ھ۔ دسمبر 2019

☆ تعداد　　1000

☆ ہدیہ:　　100 روپے

ملنے کے پتے

☆ جامعہ اسلامیہ لاہور

☆ چیئرمین اسلامک میڈیا سنٹر۔ ملک محبوب الرسول قادری
0300/0321.9429027

☆ جامع مسجد سید الکونین۔ 99_K بلاک جوہر ٹاؤن لاہور
0333-4504953

☆ جامع مسجد E/2 واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی، واپڈا ٹاؤن لاہور
0300-6548985

انتساب

میں اپنی اس ادنیٰ کاوش کو مقبول بارگاہ پروردگار محافظِ ناموسِ قرآن

اور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب محب اہل بیت

النبی صلی اللہ علیہ وسلم عارف باللہ اور حضور غوث پاک کے

امام احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ اور اپنے پیر و مرشد محبوب سبحانی قطب ربانی

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ حضور غوث پاک کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

گر قبول افتد زہے عزو شرف

محمد یونس مدنی قادری
0300-6548985

الاھداء

بیدم یہی تو پانچ ہیں مقصود کائنات

خیر النساء رضی اللہ عنہا، حسین و حسن رضی اللہ عنہما، مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم علی رضی اللہ عنہ

ان نفوسِ قدسیہ کی بارگاہ اقدس میں اپنی اس ادنیٰ کاوش کو پیش کرتا ہوں۔

میں دنیا، قبر، آخرت میں ان نفوس قدسیہ کی نگاہِ لطف کا اُمیدوار ہوں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

محمد یونس مدنی قادری

دو اکتوبر ۲۰۱۹ء

حرفِ اول

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ. وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ''اَمَّا بَعْد''

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مسجد اللہ جل جلالہ کا گھر ہے کہ جہاں ایک مسلمان اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی عبادت اور سکون قلبی کے لئے حاضر ہوتا ہے اور اپنی گزارشات کو اللہ پاک جل جلالہ کی بارگاہ بے کس پناہ میں پیش کرتا ہے۔ اللہ پاک جل جلالہ کی ذات اقدس سب کی دعاؤں کو قبول فرماتی ہے۔

اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے ارشاد فرمایا:

''اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ'' (پ ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت ۱۸)

(بے شک مساجد کو وہ شخص آباد کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے)

معلوم ہوا کہ مساجد کو آباد کرنا یہ ایمان کی نشانی ہے۔

شیخ الحنابلہ عبداللہ بن عقیل علیہ الرحمۃ ایک جید عالم دین تھے، انہوں نے بڑی عرق ریزی کے ساتھ مختلف کتب احادیث سے مساجد کو آباد کرنے کے موضوع پر احادیث لے کر آئے ہیں۔ ان کی کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ اپنے سے لے کر رسول اللہ ﷺ تک سندِ حدیث کو نقل کرتے ہیں اور یہ اس کتاب کا خاصہ ہے۔ موجودہ زمانے میں ایسی کتاب بہت کم آپ کو پڑھنے کو ملے گی۔

اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے مجھے ترجمہ کرنے کی سعادت عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور مفتی اعظم پاکستان محقق العصر مفتی محمد خان قادری حفظہ اللہ (بانی وسربراہ، جامعہ اسلامیہ لاہور) کو صحت عطا فرمائے اور دین متین کی اور زیادہ خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے جنہوں نے ہمیشہ اس بندہ ناچیز کی حوصلہ افزائی اور راہنمائی فرمائی ہے۔

میں اگر یہاں علامہ محمد اللہ بخش تونسوی قادری کا ذکر نہ کروں تو یہ انصاف نہ ہوگا۔ آپ ایک علم دوست ساتھی ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی اور قیمتی مشورے میرے لیے ایک قیمتی سرمایہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی ذات پاک اس ادنیٰ کاوش کو قبول فرمائے اور اپنی رضا نصیب فرمائے اور دنیا اور آخرت کی عافیت بخشے۔ آمین۔

دو اکتوبر 2019ء

العبد الفقیر الی اللہ الغنی

محمد یونس مدنی قادری

حدیث نمبر 1

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے پہنچاتے ہیں۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ تک۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی یا رسول اللہ ﷺ کون سی مسجد زمین پر سب سے پہلے بنائی گئی؟

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مسجد حرام''

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کی۔ پھر کون سی مسجد؟

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مسجد اقصیٰ''

میں نے عرض کی یعنی (حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ) نے ان دونوں کے درمیان (مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ) کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''چالیس سال''

تخریج:۔

اخرجه البخاری فی کتاب الانبیاء۔ رقم:۳۳۶۶

مسلم فی کتاب المساجد۔۔ومواضع الصلوٰۃ:۔(۵۲۰)

حدیث نمبر 2

شیخ الحنابلہ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''کجاوے نہ باندھے جائیں''(یعنی سفر نہ کیا جائے) مگر تین مساجد کی طرف (یعنی مسجد نبوی شریف، مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ)

مترجم کا تبصرہ:۔

اس حدیث پاک میں سفر کی فضیلت کو بیان کیا گیا ہے یعنی ان تین مقدس مساجد کی طرف سفر کرنے کی فضیلت زیادہ ہے اگرچہ ایک مسلمان بعض اوقات علم کی تحصیل کی خاطر سفر کرتا ہے۔ بعض اوقات کاروبار کی غرض سے سفر کرتا ہے۔ بعض اوقات اپنے عزیز و اقارب کو ملنے کے لئے سفر کرتا ہے تو یہ تمام سفر جائز اور درست ہیں۔ ایسا تصور ہرگز درست نہیں ہے کہ ان تین مساجد کے علاوہ باقی سفر حرام ہیں۔ جب مسجد نبوی شریف کی نیت کے ساتھ سفر کرنا درست ہے تو پھر مکین گنبد خضریٰ کی زیارت کی نیت کے ساتھ سفر کرنا بدرجہ اولیٰ درست، مباح اور دنیا و آخرت کی فلاح اور سعادت کا باعث ہے۔

محمد یونس مدنی قادری غفرلہ

تخریج:

مسلم شریف۔ کتاب الحج۔

بخاری شریف۔ کتاب الفضل الصلوٰۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ

حدیث نمبر 3

شیخ الحنابلہ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا رسول اللہ ﷺ سے کہ آپ فرماتے ہیں:۔

بے شک حضرت سلیمان علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ جل جلالہ سے تین سوالات کیے۔ پھر اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے ان کے دو سوالات کو شرف قبولیت بخشا اور ہمیں یقین ہے کہ تیسرا سوال بھی شرف قبولیت کو پہنچے گا۔

سوانہوں نے حکمت کے بارے میں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی بارگاہ میں عرض کیا پس اللہ تعالیٰ نے انہیں خاص حکمت (دانائی) عطا فرمائی اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی بارگاہ میں عرض کیا بادشاہت کے حوالے سے جو ان کے بعد کسی کے حصے میں نہ آئے پس اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے انہیں بادشاہت عطا فرمائی۔

اور انہوں نے سوال کیا کہ کوئی آدمی نکلتا ہے اپنے گھر سے ارادہ نہیں کرتا مگر نماز کا، اس مسجد میں وہ اپنی خطاؤں سے پاک ہوجاتا ہے اس دن کی طرح جس دن اس کی ماں نے اسے جنم دیا۔ سو ہمیں یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ انہیں یہ تیسری فضیلت بھی عطا فرمائے گا۔

تخریج:۔

اخرجہ احمد: (۲-۱۷۶) اخرجہ ابن حبان (۱۶۳۳) اخرجہ حاکم فی المستدرک (۲-۴۳۴)

وصححہ الحافظ ابن حجر فی "فتح الباری" (۲-۴۰۸)

حدیث نمبر 4

شیخ عبداللہ بن عقیل (حدیث نمبر 1) والی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"میری اس مسجد میں نماز ادا کرنا ایک ہزار نمازوں سے بہتر ہے جو اس کے علاوہ ہیں سوائے مسجد حرام کے"۔

تخریج:۔

اخرجه البخاری فی کتاب فضل الصلوٰۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ۔باب فضل الصلوٰۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ (۱۱۹۰)

ومسلم فی کتاب الحج .باب فضل الصلوٰۃ بمسجدی مکۃ والمدینۃ (۱۳۹۴)

حدیث نمبر 5

شیخ عبداللہ بن عقیل (حدیث نمبر 2) والی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں اور حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت حمید خراط علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت حمید خراط علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں میں نے سنا حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمن تک حضرت ابوسلمہ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میرے پاس سے حضرت عبدالرحمن بن ابوسعید خدری علیہ الرحمۃ گزرے۔

ابوسلمہ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں، میں نے انہیں کہا کیسے آپ نے اپنے والد گرامی سے سنا (یعنی صحابی رسول ﷺ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے) جو وہ مسجد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں جس مسجد کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے۔

حضرت عبدالرحمن بن ابوسعید خدری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میرے والد (یعنی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ) نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کی یارسول اللہ ﷺ کونسی دو مساجد کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی۔ حضرت ابوسعید خدری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں سو رسول اللہ ﷺ نے اپنے دستِ مبارک میں ایک کنکری کو زمین پر پھینکا۔ پھر ارشاد فرمایا: وہ تمہاری یہ مسجد یعنی مسجد نبوی شریف۔ حضرت ابوسلمہ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا، حضرت عبدالرحمن ابوسعید خدری علیہ الرحمۃ سے کہ آپ فرماتے ہیں، میں گواہی دیتا ہوں بے شک میں نے سنا اپنے والد گرامی سے اسی طرح بیان فرماتے ہوئے۔

تخریج:۔

اخرجه مسلم فی کتاب الحج۔ باب بیان المسجد الذی أسس علی التقویٰ هو مسجده ﷺ (۳۹۸)

اور تحقیق واقع ہوا اختلاف اہل علم کے درمیان مراد لینے کے حوالے سے کہ جس مسجد کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے کیا وہ مسجد نبوی ﷺ ہے یا مسجد قباء۔

شیخ ابن تیمیہ نے اس پر کلام کیا کہ دو مساجد کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے لیکن اس صفت سے متصف مسجد نبوی زیادہ کامل ہے سو وہ اس نام کی زیادہ حقدار ہے۔ اسی طرح کا کلام حافظ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے "فتح الباری" (۷-۲۴۵) میں کیا ہے

حدیث نمبر 6

شیخ عبداللہ بن عقیل مختلف واسطوں کے ساتھ سندِ حدیث کو پہنچاتے ہیں محمد بن سلیمان حزامی علیہ الرحمۃ تک۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا۔ حضرت امامہ بن سہل بن حنیف علیہ الرحمۃ سے وہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو شخص نکلے یہاں تک کہ وہ جائے اس مسجد میں یعنی مسجد قبا میں پس وہ اس مسجد میں نماز پڑھتا ہے (یعنی مسجد قبا میں نفل ادا کرتا ہے) وہ عمرے کے برابر ہے (یعنی عمرہ ادا کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے)

تشریح:۔

مکہ مکرمہ میں عمرہ ادا کرنے کے لئے کتنی محنت کرنی پڑتی ہے، سفر کرنا پڑتا ہے لیکن مسجد قباء کی زبان رسالت سے یہ فضیلت ہے کہ آدمی اپنے گھر سے نکلے اگرچہ وہ مدینہ ہی میں رہتا ہو جہاں مسجد قباء ہے تو اسے عمرہ ادا کرنے کا ثواب ملتا ہے۔

تخریج:۔

المستدرک للحاکم: ج۳ص ۱۲

مسند امام احمد: ج۳ص ۴۸۷

امام حاکم علیہ الرحمۃ اس حدیث کی سند کو صحیح الاسناد فرماتے ہیں۔ امام ذہبی علیہ الرحمۃ نے بھی ان کی موافقت کی اور حافظ عراقی نے اپنی کتاب "تخریج الاحیاء" میں حدیث کو صحیح کہا اور ابن حبان نے اپنی کتاب "الثقات" میں محمد بن سلیمانی وہ کرمانی ہیں انہیں ثقہ قرار دیا۔

حدیث نمبر 7

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل (حدیث نمبر 2) والی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں سے سندِ حدیث کو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:۔

"رسول اللہ ﷺ مسجد قباء میں سوار اور پیدل تشریف لائے۔ سو آپ ﷺ اس میں دو رکعات نماز ادا فرماتے۔ امام ابوبکر علیہ الرحمۃ نے اپنی روایت میں کہا کہ ابن نمیر علیہ الرحمۃ نے کہا کہ وہ اس میں دو رکعات ادا فرماتے تھے۔

تخریج:۔

مسلم شریف۔ کتاب الحج۔ باب فضل مسجد قباء و فضل صلوٰۃ فیہ و زیارتہ (۱۳۹۹)

بخاری شریف۔ کتاب فضل الصلوٰۃ مکۃ والمدینۃ۔ باب اتیان مسجد قباء ماشیاً وراکباً (۱۱۹۳)

حدیث نمبر 8

شیخ عبداللہ بن عقیل مختلف واسطوں سے اپنی سندِ حدیث کو حضرت امام بخاری علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام بخاری علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں سے اپنی سندِ حدیث کو حضرت عبداللہ خولانی علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت عبداللہ خولانی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: انہوں نے سنا حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے۔

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے تھے لوگوں کی باتوں کے جواب میں جب آپ نے مسجد نبوی ﷺ کی توسیع فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ بے شک تم نے بہت باتیں کی ہیں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس مسلمان نے مسجد بنائی۔

حضرت بکیر علیہ الرحمۃ نے فرمایا: میں نے گمان کیا کہ بے شک انہوں نے فرمایا، جو مسلمان اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی رضا کا طلب گار رہتا ہے (مسجد کی تعمیر میں) اللہ جل جلالہ اس مسلمان کے لئے اسی کی مثل جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔

تخریج:۔

بخاری شریف فی کتاب الصلوٰۃ باب من بنی مسجدا (۴۵۰)

، ومسلم فی کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ۔ باب فضل بناء المساجد والحث علیہا (۵۳۳)

حدیث نمبر 9

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی پوری سند حدیث کے ساتھ مختلف واسطوں سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ تک حدیث کو پہنچاتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو شخص (مسلمان) اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی رضا کے لئے مسجد بناتا ہے اگرچہ مٹی کو جگہ سے ہٹا کر صاف کر دیا گیا ہو۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس شخص کے لئے جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔

نوٹ:۔

مساجد کو صرف اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی رضا کی نیت سے بنانا چاہیے تاکہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی ذات پاک راضی ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے علاوہ اور کوئی نیت نہ ہو۔

تخریج:۔

المصنف۔امام ابن شیبہ۔ج۱ص۳۰۱۔ المعجم الصغیر۔امام طبرانی۔ج۲۔ص۱۲۰۔

اس حدیث کی اسناد صحیح ہیں۔

امام ابن اثیر علیہ الرحمۃ نے "النھایہ" (ج ۳ ص ۲۱۵) میں کہا کہ "مفحص القطاۃ" اس پتھریلی زمین کو کہتے ہیں کہ جس سے مٹی ہٹا کہ سفید کر دیا گیا ہو یعنی صاف بنا دیا گیا ہو۔

اور یہی امام مناوی علیہ الرحمۃ نے "فیض القدیر" (ج ۶ ص ۹۶) میں کہا۔

امام زرکشی علیہ الرحمۃ نے کہا "قطاۃ" کو خاص طور پر اس لئے ذکر کیا جاتا ہے اس لئے کہ اہل عرب سچائی میں بطور مثال کے استعمال کرتے ہیں۔ پس اس میں محافظت کا اشارہ ہے اخلاص پر اس کے بنانے میں اور صدق پر تعمیر کرنے میں۔

حدیث نمبر 10

شیخ عبداللہ بن محمد عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت امام مسلم بن حجاج قشیری نیشاپوری تک پہنچاتے ہیں۔

اور حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ:۔

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب سے پسندیدہ جگہیں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے نزدیک مساجد ہیں اور ناپسندیدہ جگہیں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے نزدیک بازار ہیں۔

تخریج:۔

مسلم شریف کتاب المساجد و مواضع الصلوۃ باب فضل المساجد

حدیث نمبر 11

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کے ساتھ مختلف واسطوں سے اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ

رسول اللہ ﷺ نے قبائل میں مساجد کو بنانے کا حکم دیا نیز آپ ﷺ نے فرمایا کہ انہیں پاک وصاف رکھا جائے۔

تخریج:۔

ابن ماجہ۔ رقم الحدیث: ۷۵۹۔ ابو داؤد: رقم الحدیث: ۴۵۵۔

حدیث کی اسناد صحیح ہیں۔

دور سے مراد یہاں قبائل ہیں جیسے آپ ﷺ کا قول ہے

"انصار کے بہترین قبائل قبیلہ بنی عبدالاشہل پھر قبیلہ بنی حارث بن خزرج پھر قبیلہ بنی ساعدہ اور تمام قبائل سے انصار بہترین ہیں"۔

حدیث نمبر 12

شیخ الحنابلۃ عبد اللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت امام نسائی علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام نسائی علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت طلق بن علی رضی اللہ عنہ تک سندِ حدیث کو پہنچاتے ہیں۔ حضرت طلق بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم وفد کی صورت میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں پہنچے۔ ہم نے آپ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی اور ہم نے آپ ﷺ کے ساتھ نماز ادا کی۔ پھر ہم نے حضور ﷺ کو اطلاع کی کہ ہماری زمین میں گرجے ہیں۔ سو ہم نے آپ ﷺ کے غسالہ کے پانی کو طلب کیا پس آپ ﷺ نے پانی طلب فرمایا۔ پھر آپ ﷺ نے وضو فرمایا اور کلی فرمائی پھر کلی والے تبرک کو پانی میں ڈالنے کا ہمیں حکم فرمایا۔

پھر فرمایا: تم چلو۔ جب پہنچو اپنی زمین میں تم اپنے گرجے کو گرادو اور اس جگہ پانی بہاؤ اور اس کی جگہ پر مسجد بناؤ۔

ہم نے عرض کی، بے شک شہر دور اور گرمی سخت ہے اور پانی تھوڑا ہے۔ سو ہم نکلے یہاں تک کہ ہم پہنچے اپنے شہر میں۔ ہم نے گرجے کو گرا دیا۔ پھر ہم نے گرجے کی جگہ پر پانی بہایا۔ اس کے بعد ہم نے اس جگہ مسجد بنائی اور اذان دی۔

راوی بیان کرتے ہیں کہ ایک راہب جو مقام طیی سے تعلق رکھتا تھا اس نے جب اذان کو سنا تو اس نے کہا کہ یہ حق کی دعوت ہے پھر وہ اُوپر والی وادی سے نیچے والی وادی کی طرف اُترا۔ پھر ہم نے اس کے بعد اس کو نہیں دیکھا۔

تخریج:۔

اخرجه النسائی (۲۔۳۸) اسنادہ جید۔

حدیث نمبر 13

شیخ الحنابلہ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابوبکر بن اسحاق بن خزیمہ علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ علیہ الرحمۃ اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مساجد کی طرف نماز ادا کرنے کے لئے کوئی شخص نہیں نکلتا مگر اللہ تعالیٰ اس پر راضی ہوتا ہے جب وہ اپنے گھر سے نکلتا ہے جیسا کہ خوش ہوتا ہے گم ہونے والا جب وہ آجائے اپنے گھر والوں کے پاس۔

تخریج:۔

اخرجہ ابن خزیمہ فی صحیحیہ (۱۵۰۳) — اخرجہ احمد (۲۔۳۲۸)

وقال البوصیری فی (مصباح الزجاجہ)(۱۔۲۸۱) — واسنادہ صحیح

واخرجہ الحاکم فی المستدرک (۱۔۲۱۳) — وصححہ ووافقہ الذھبی وھو کما قالوا۔

امام حاکم علیہ الرحمۃ نے اس کی موافقت کی۔

حدیث نمبر 14

شیخ الحنابلۃ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ امام بخاری علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام بخاری علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں کے ساتھ سندِ حدیث کو حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سات اشخاص پر اللہ تعالیٰ جل جلالہ اپنے عرش کا سایہ فرمائے گا جس دن کسی قسم کا کوئی سایہ نہیں ہوگا، عادل حکمران۔ اور ایسا نوجوان کہ جس کی جوانی عبادت میں پروان چڑھی ہوئی ہو۔ اور ایسا شخص کہ جس کا دل مسجد میں طرف لگا رہے۔

دو آدمی جو باہم اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے لئے محبت کرتے ہیں اور وہ اس پر اکٹھے بھی ہوتے ہیں اور اس پر جدا بھی۔ اور ایسا شخص کہ جس کو نسب و جمال والی کوئی عورت برائی کی دعوت دے پس وہ اسے کہے کہ بے شک میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں اور ایسا شخص جو پوشیدہ صدقہ کرے یہاں تک کہ اس کے بائیں ہاتھ کو علم نہ ہو جو اس کے دائیں ہاتھ نے خرچ کیا۔ اور ایسا شخص جو تنہائی میں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا ذکر کرتا ہے سو بہہ پڑتی ہیں اس کی آنکھیں۔

تخریج:۔

اخرجه البخاری فی کتاب الاذان . باب من جلس فی المسجد ینتظر صلوٰۃ وفضل المساجد۔

ومسلم . کتاب الزکوٰۃ . باب فضل اخفاء الصدقۃ الحافظ ابن رجب .

اس حدیث کی شرح الباری۔ ج ٦۔ ص ٤٩ میں فرمایا:

تیسرا وہ بندہ کہ جس کا دل مسجد میں لگا رہے اور ایک روایت میں ہے جب مسجد سے نکلتا ہے یہاں تک کہ وہ لوٹتا ہے اس میں پسند کرتا ہے مسجد کو اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی عبادت سے اُلفت رکھتا ہے۔

حدیث نمبر 15

شیخ عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے امام ابن حبان علیہ الرحمۃ تک سند حدیث کو پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام ابن حبان علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں سے اپنی سندِ حدیث کو حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ، آپ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تین اشخاص اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے ذمہ کرم پر ہیں۔

اگر وہ زندہ رہا تو اسے رزق دیا جائے گا اور کفایت کی جائے گی اور اگر وہ مر گیا اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے جنت میں داخل فرمائے گا جو شخص داخل ہوا اپنے گھر میں سو وہ ان کو سلام کرے سو وہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے ذمہ کرم پر ہے۔ اور جو شخص مسجد کی طرف نکلے سو وہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے ذمہ کرم پر ہے اور جو شخص نکلے اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی راہ میں سو وہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے ذمہ کرم پر ہے۔

تخریج:۔

المستدرک ۔ ج۲۔ ص۷۳

والبیہقی فی (السنن)۔ ج۹۔ ص۱۶۶

حدیث کی اسناد جید ہیں

حدیث نمبر 16

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں اور حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو صبح یا شام کو مسجد کی طرف جاتا ہے اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کی میزبانی فرمائے گا (قیامت کے دن) جب وہ صبح جائے یا شام کو۔ (مسجد میں نماز ادا کرنے)

تخریج:۔

بخاری شریف۔ کتاب الاذان۔ باب فضل من غدا الی المسجد ومن راح (۶۶۲)

مسلم شریف۔ کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ الحافظ (۶۶۹) ابن رجب حنبلی۔

فتح الباری ج ۶ ص ۵۳ پر فرماتے ہیں:

الغدو: وہ ہوتا ہے دن کے پہلے حصے سے۔

والرواح: وہ ہوتا ہے اس کے آخر سے زوال کے بعد۔

اور حدیث کا معنی یہ ہے کہ بے شک جو شخص نکلتا ہے مسجد کی طرف نماز کے لئے۔ سو وہ مسلمان اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی زیارت کرنے والے ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ تیار کرے گا اس کے لئے مہمانی مسجد سے جب وہ آتا ہے مسجد کی طرف۔ برابر ہے وہ دن کے اول حصے میں آئے یا آخری حصے میں۔ اور نزول کہتے ہیں وہ چیز جو تیار کی جاتی ہے مہمان کے لئے اس کے آنے پر بطور عزت وتحفہ۔

حدیث نمبر 17

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کے ساتھ حدیث کو حضرت امام مالک علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت امام مالک علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں سے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک سند حدیث کو پہنچاتے ہیں اور حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمہیں خبر نہ دوں اس چیز کی کہ اللہ تعالی جل جلالہ مٹادے گا اس کے ذریعے گناہوں کو اور اللہ تعالی جل جلالہ اس کے ذریعے سے درجات بلند فرمادیتا ہے ۔

مکمل وضو کرنا، مشقت کے وقت مساجد کی طرف باکثرت چلنا اور نماز کا انتظار کرنا نماز کے بعد سو یہ تمہارا جہاد ہے۔ سو یہ تمہارا جہاد ہے۔

تخریج:۔

اخرجه مالک فی "الموطا" كتاب قصر الصلوة فی السفر . باب انتظار الصلوة والمشی الیها (٥٥)

اخرجه مسلم فی كتاب الطهارة ۔ باب فضل اسباغ الوضوء علی المكاره (٢١)

حدیث نمبر 18

حضرت سعید بن مسیب علیہ الرحمۃ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں:۔

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تکلیف کے وقت پورا وضو کرنا۔ قدموں کے ساتھ مساجد کی طرف چلنا اور نماز کا انتظار کرنا نماز کے بعد وہ خطاؤں کو دھو ڈالتا ہے۔

تخریج:۔

مجمع الزوائد:۔ ج ۲۔ص ۳۶۔امام ہیثمی

المستدرک۔ ج ا۔ص ۱۳۲۔امام حاکم

الترغیب الترہیب۔ ج ا ص ۲۹۹۔امام منذری

حدیث نمبر 19

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں اور حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے اور حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

آدمی کی نماز کا ثواب گھر میں نماز پڑھنے سے پچیس درجے زیادہ ہوتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ بے شک ان میں کوئی ایک جب اچھا وضو کرتا ہے۔ پھر وہ مسجد کی طرف آتا ہے۔ نہیں برانگیختہ کرتی مگر اسے نماز۔ وہ ارادہ نہیں کرتا مگر نماز کا۔ وہ کوئی قدم نہیں چلتا مگر اس کا اس نماز کی وجہ سے ایک درجہ ۰۰ ۰ تا ہے۔

اور مٹ جاتی ہے اس شخص کی خطا اس نماز کی وجہ سے جب وہ داخل ہوتا ہے مسجد میں۔ سو جب وہ مسجد میں حالت نماز میں داخل ہوتا ہے اور جب تک وہ نماز کی وجہ سے رکا رہتا ہے اور فرشتے دعائے رحمت کرتے ہیں تم میں سے کسی ایک کے لئے ہمیشہ اس مجلس میں جہاں اس نے نماز پڑھی تھی۔

فرشتے کہتے ہیں، اے اللہ تعالیٰ جل جلالہ تو رحم فرما اس پر۔ اے اللہ جل جلالہ تو اس کی بخشش فرمایا۔ اے اللہ جل جلالہ تو اس پر رجوع فرما (جب تک) وہ تکلیف نہ دے اور بے وضو نہ ہو۔

تخریج:۔

مسلم شریف، کتاب المساجد و مواضع الصلوٰۃ باب فضل الجماعۃ و انتظار الصلوٰۃ۔

بخاری شریف، کتاب الاذان۔ باب فضل الصلاۃ الجماعۃ

حدیث نمبر 20

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت عقبہ بن عامر علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔اور حضرت عقبہ بن عامر علیہ الرحمۃ روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ سے کہ:۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔جب کوئی شخص باوضو ہو(یعنی مسلمان) پھر وہ آئے مسجد میں اور وہ نماز کو ادا کرے (یعنی) فرشتہ ہر قدم کے عوض جو وہ مسجد کی طرف چلتا ہے دس نیکیاں لکھتا ہے۔

تخریج:۔

مسند احمد۔ج ۴۔ص ۱۵۹۔امام احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ

الطبرانی فی الکبیر۔ج ۱۸۔ص ۲۵۹۔امام طبرانی علیہ الرحمۃ

حدیث نمبر 21

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں کے ساتھ سندِ حدیث حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ تک حدیث کو پہنچاتے ہیں۔

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی تھا، میں نہیں جانتا تھا اس سے زیادہ دور مسجد سے کسی شخص کو اور وہ نماز فوت نہیں کرتا تھا (یعنی جماعت کے ساتھ)۔ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، سو کہا گیا اسے یا میں نے کہا اسے کہ اگر آپ ایک گدھا خرید لیں۔ آپ اندھیری رات یا بارش میں اس پر سوار ہوں۔ اس صحابی رسول ﷺ نے فرمایا کہ مجھے خوشی نہیں ہوتی کہ میرا گھر مسجد کے پہلو میں ہو، بے شک میں چاہتا ہوں یہ کہ لکھا جائے میرا مسجد کی طرف پیدل چلنا اور میرا واپس گھر جانا۔ جب لوٹوں اپنے گھر کی طرف۔ پس رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

تحقیق اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے تیرے تمام اجر کو جمع فرما دیا ہے۔

تخریج:۔

مسلم شریف فی کتاب المساجد و مواضع الصلوٰۃ ۔ باب فضل کثرۃ الخطأ الی المسجد (۲۳)

(لا تخطئه) یعنی وہ نماز کی جماعت کے ساتھ محافظت کرے۔ (یعنی قضا نہ کرے)

حدیث نمبر 22

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ اور حضرت ابوداؤد سلیمان بن اشعث علیہ الرحمۃ اپنی سند کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مسجد سے درجہ بدرجہ دور ہونے کا بڑا اجر ہے''۔

تخریج:۔

ابوداؤد (سنۃ) کتاب الصلوٰۃ، باب ماجاء فی فضل المشی الی الصلوٰۃ (۵۵۶)

واخرجه ابن ماجه (۷۸۲) واسناد صحیح

واخرجه مسلم (۲۷۳) ولفظ عنده

حدیث نمبر 23

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ اور حضرت امام داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں کے ساتھ حدیث کو حضرت بریدۃ اسلمی رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔ اور حضرت بریدۃ اسلمی رضی اللہ عنہ سیدنا رسول اللہ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اندھیرے میں مساجد کی طرف چلنے والوں کے لئے قیامت کے دن مکمل نور کی بشارت ہے''

تخریج:۔

ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ باب ما جاء فی المشی الی الصلوٰۃ فی الظلام (٥٦١)

واخرجہ الترمذی: (٢٢٣) ۔ والبغوی فی شرح السنۃ(۴۷۳)

حدیث نمبر 24

شیخ الحنابلۃ شیخ عبد اللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں اور حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو شخص کسی مسجد میں جس کام کے لئے آئے وہ اس کا حصہ ہے۔ اور مسجد میں جس نیت کے ساتھ جائے تو اسے وہی ملے گا۔

تخریج:۔

سنن ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ باب فی فضل القعود فی المسجد۔

اس حدیث کی اسناد جید ہیں۔

حدیث نمبر 25

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابو اسید رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی ایک مسجد میں ہو سو چاہیے کہ وہ کہے یا اللہ جل جلالہ تو میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور جب وہ نکلے سو چاہیے کہ وہ کہے یا اللہ جل جلالہ بے شک میں تیری ذات کبریا سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

تخریج:۔

مسلم شریف کتاب الصلوٰۃ المسافرین وقصرھا باب ما ذا یقول اذا دخل المسجد (۷۱۳)

حدیث نمبر 26

شیخ الحنابلۃ شیخ عبداللہ بن حنبل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت کعب بن عجرۃ علیہ الرحمہ تک پہنچاتے ہیں۔

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت کعب بن عجرہ سے مخاطب ہو کر فرمایا:۔

اے کعب! جب تم وضو کرو تو اچھی طرح وضو کرو۔ پھر تم مسجد کی طرف آؤ۔ پس تو ہرگز تشبیک نہ کر اپنی اُنگلیوں کے درمیان (یعنی انگلیوں کو اُنگلیوں کے درمیان داخل کرنا) سو بے شک تو نماز میں ہے۔

تخریج:۔

السنن الکبریٰ: ج ۳، ص ۲۳۱، ۲۳۔ للامام بیہقی۔

شرح معانی الآثار:۔ رقم الحدیث: ۵۵۷۰۔ للامام طحاوی

الاحسان:۔ رقم الحدیث: ۲۱۵۰

واسنادہ حسن۔

حدیث نمبر 27

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں اور حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی ایک مسجد میں داخل ہو سو چاہیے کہ وہ بیٹھنے سے پہلے دو رکعات پڑھے۔

تخریج:۔

اخرجه مسلم فی کتاب صلاة المسافرین وقصرها باب استحباب تحية المسجد بركعتين (۷۱۴)

اخرجه بخاری:۔فی کتاب الصلوٰة باب اذا دخل المسجد فليركع ركعتين (۴۴۴)

حافظ ابن رجب الحنبلی "فتح الباری" (۳۔۲۷۰۔۲۷۲) میں فرماتے ہیں کہ یہ حکم استحباب کے زمرے میں ہے وجوب کے علاوہ اکثر علماء کے نزدیک اور بعض اہل ظاہر سے وجوب کا قول بھی ہے اور بے شک علماء نے اختلاف کیا کہ نماز سے پہلے بیٹھنا مکروہ ہے یا نہیں۔ان میں سے ایک گروہ نے کہا، یہ مکروہ ہے اور ان میں ابوسلمہ بن عبدالرحمن علیہ الرحمۃ اور یہ امام شافعی علیہ الرحمۃ اور ان کے اصحاب کا قول ہے۔ان میں سے دوسرے علماء نے اجازت دی ہے۔قاسم بن محمد علیہ الرحمۃ اور ابن ابی ذئب علیہ الرحمۃ اور سیدی امام احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ "ابداً ابداً الی یوم القیامۃ" اور حضرت اسحاق بن راہویہ۔حضرت امام سیدی احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ نے فرمایا: بعض اوقات آدمی بغیر وضو کے مسجد میں داخل ہوتا ہے وہ نماز نہیں پڑھے گا۔

حدیث نمبر 28

شیخ الحنابلۃ شیخ عبداللہ بن عقیل مختلف واسطوں سے سند حدیث کو حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ تک حدیث کو پہنچاتے ہیں۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا جب ہم مدینہ پہنچے۔

رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا:

جب تم مسجد میں داخل ہو سو دو رکعتیں ادا کرو۔

تخریج:۔

بخاری شریف: کتاب الجہاد۔۔ مسلم شریف: کتاب الصلوٰۃ

حضرت امام اسحاق علیہ الرحمۃ سے مروی ہے کہ یہ اچھا عمل ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ اگر تم انہیں اپنے گھر میں ادا کرو جب تم داخل ہو تو بے شک یہ عمل مستحب ہے۔

شوافع نے وضاحت فرمائی ہے کہ مسجد میں ادا کرنا سنت ہے اور یہ حق ہے اس میں توقف نہیں ہے۔

حدیث نمبر 29

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت ابو شعثاء علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت ابو شعثاء علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ ہم مسجد میں بیٹھے تھے۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مؤذن نے اذان دی سو ایک شخص مسجد سے چلا تو حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ نے اس کا پیچھا کیا۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ نے اس کو دیکھا یہاں تک کہ وہ شخص مسجد سے نکل گیا۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

بہرحال اس نے ابو القاسم کی نافرمانی کی۔

تخریج:۔

مسلم شریف۔ کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ باب النھی عن الخروج من المسجد اذا المؤذن (۶۵۵)

حدیث نمبر 30

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔
اور حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں کے ساتھ سندِ حدیث کو حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:۔

جو آدمی کسی شخص کو دیکھے کہ وہ گم شدہ چیز مسجد میں تلاش کر رہا ہے۔ چاہیے کہ وہ کہے۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ تیری چیز تجھ پر نہ لوٹائے سو بے شک مساجد اس مقصد کے لئے نہیں ہیں۔

تخریج:۔

مسلم شریف۔ کتاب المساجد ، مواضع الصلوٰۃ باب النھی عن نشد الضالۃ فی المسجد

حافظ زین الدین ابن رجب حنبلی علیہ الرحمۃ۔ فتح الباری: ج ۳۔ ص ۳۴۶ پر فرماتے ہیں:

حدیث عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ عن النبی ﷺ

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سیدنا رسول اللہ ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم کہو کہ کوئی شخص خرید و فروخت کر رہا ہے پس تم کہو تیری تجارت میں اللہ تعالیٰ جل جلالہ نفع نہ دے۔
اس حدیث کو امام ترمذی علیہ الرحمۃ، امام نسائی علیہ الرحمۃ، امام ابن خزیمۃ علیہ الرحمۃ اپنی صحیح میں لائے اور امام حاکم محمد بن عبدالرحمن بن ثوبان علیہ الرحمۃ کے حوالہ سے حدیث لائے۔
امام ترمذی علیہ الرحمۃ اپنی جامع ترمذی میں دو قول لائے۔ اہل علم کے لئے تابعین سے بیع کا مسجد میں مکروہ ہونا ہے۔
اور کراہت کا قول حضرت امام شافعی علیہ الرحمۃ اور حضرت امام احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ اور امام اسحاق علیہ الرحمۃ اور ہمارے امام کے نزدیک مکروہ تحریمہ کے قائل ہیں۔ اور اکثر فقہاء کراہت تنزیہی کے قائل ہیں۔
امام شافعی علیہ الرحمۃ سے قول ہے کہ وہ بالکل مکروہ نہیں سمجھتے تھے یہی حضرت عطاء اور ان کے علاوہ علماء کا قول ہے۔
ہمارا اختلاف کہ بیع کے منعقد ہونے پر مسجد میں دو وجوہات پر اور فرق کیا۔ امام مالک علیہ الرحمۃ نے قلیل اور کثیر میں۔
پس حضرت امام مالک علیہ الرحمۃ نے کثیر کو مکروہ قرار دیا قلیل کے علاوہ اور روایت کیا گیا۔ اصحاب امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ سے بھی اس کی مثل۔

حدیث نمبر 31

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کومختلف واسطوں کے ساتھ حدیث کو امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ اپنی سند حدیث کومختلف واسطوں سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیاز کھانے اور لہسن کھانے سے منع فرمایا پس ہم پر جب حاجت غالب آگئی سو ہم نے کھایا اس سے۔ لہذا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے کھایا اس بدبودار درخت سے پس ہرگز وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے۔ بے شک تکلیف ہوتی ہے فرشتوں کو جس سے انسانوں کو تکلیف ہوتی ہے''۔

تخریج:۔

مسلم شریف: کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ باب نھی من اکل ثوماً او بصلاً او کراثاً او نحوھا۔

حدیث نمبر 32

شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ حدیث کو مختلف واسطوں سے سندِ حدیث کو حضرت امام شعبہ علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام شعبہ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے مسجد میں تھوکنے کے حوالے سے سوال کیا۔ انہوں نے فرمایا: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا، میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا:

مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اسے دفن کر دینا ہے۔

تخریج:۔

مسلم شریف ۔ کتاب المساجد و مواضع الصلوٰۃ باب النھی عن البصاق فی المسجد

بخاری شریف ۔ کتاب الصلوٰۃ باب کفارۃ البزاق فی المسجد (۴۱۵)

حدیث نمبر 33

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مجھ پر میری اُمت کے اعمال اپنی اچھائی اور برائی کے ساتھ پیش کیے گئے۔ میں نے اس کے اچھے اعمال میں تکلیف دہ کانٹے کو راستے سے ہٹا دینا پایا۔ بُرے اعمال میں سے وہ تھوک جو مسجد میں ہوا سے دفن نہیں کیا گیا۔

تخریج:۔

مسلم شریف۔ کتاب المساجد ومواضع الصلوٰۃ باب النھی عن البصاق فی المسجد

حدیث نمبر 34

شیخ الحنابلہ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ امام بخاری علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ حضرت امام بخاری علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں کے ساتھ اپنی سند حدیث کو حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں اور وہ حضرت ابو ہریرۃ اور حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہما تک۔

وہ دونوں اصحاب بیان فرماتے ہیں کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے مسجد کی دیوار پر تھوک کو دیکھا۔ آپ ﷺ نے کنکری کے ساتھ اس کو کھرچ دیا۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک تھوکے۔ وہ اپنے چہرے کے آگے نہ تھوکے اور نہ اپنی دائیں جانب اور چاہیے کہ وہ تھوکے اپنے بائیں جانب اور اپنے بائیں قدم کے نیچے۔

تخریج:۔

بخاری شریف۔ کتاب الصلوٰۃ باب حک المخاط بالحصیٰ من المسجد (۴۰۸۔۴۰۹)

امام شمس الدین ابن مفلح اپنی کتاب "الآداب الشرعیۃ" (۳۔۳۷۳) میں فرماتے ہیں:۔

سنت یہ ہے کہ ہر مسجد کو ہر قسم کی گندگی اور تھوک۔ سے پاک رکھا جائے۔ اگر وہ گندگی کو مسجد میں دیکھے تو اسے اپنے کپڑے کے ساتھ صاف کرے۔ اور ابن عقیل نے کہا، ناخن کاٹنا، داڑھی اور بغل صاف کرنا مساجد میں مکروہ ہے۔

حدیث نمبر 35

شیخ الحنابلۃ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ امام بخاری علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔حضرت امام بخاری علیہ الرحمۃ مختلف واسطوں کے ساتھ اپنی سندِ حدیث کو حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں کہ بے شک ایک کالے رنگ کا مرد یا کالی رنگ کی عورت مسجد میں جھاڑو دیتا یا دیتی تھی ، وہ انتقال کر گئے۔رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارے میں دریافت کیا، لوگوں نے بتایا کہ وہ انتقال کر گئے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تم نے مجھے اطلاع کیوں نہیں دی؟ تم مجھے اس کی قبر کے بارے بتاؤ (یعنی قبر کے حوالے سے رہنمائی کرو)

یا فرمایا، اس عورت کی قبر کے بارے۔سیدنا رسول اللہ ﷺ اس شخص کی قبر پر آئے، آپ ﷺ نے اس پر نماز پڑھی۔

تخریج:۔

بخاری شریف۔کتاب الصلوٰۃ باب کنس المسجد و التقاط الخرق والقذی والعیدان۔

صحیح مسلم۔کتاب الجنائز۔باب الصلوٰۃ علی القبر :۹۵۶۔فتح الباری (۱۔۔۵۵۳)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے فرمایا: حاضر میت پر نماز مستحب ہے جبکہ وہ اس پر نماز پڑھے اور اعلان موت کا کرے۔

حافظ ابن رجب حنبلی "فتح الباری شرح صحیح البخاری" (ج ۳ ص ۳۵۲) میں فرماتے ہیں کہ مسجد میں جھاڑو دینا اور تکلیف دہ چیز کو مسجد سے دور کرنا عمدہ کام ہے اور تحقیق ثبت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مسجد کے قبلہ میں تھوک دیکھی۔پس اپنے دست مبارک کے ساتھ کھرچ دیا۔

حضرت عبدالمطلب بن عبداللہ بن حنطب علیہ الرحمۃ روایت فرماتے ہیں:۔

بے شک حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ گھوڑے پر سوار ہو کر مسجد قبا میں تشریف لائے۔آپ نے مسجد قبا میں

دو رکعات پڑھیں۔ پھر فرمایا: اے اوفی! تم میرے پاس کھجور کی شاخ لاؤ۔ وہ کھجور کی شاخ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس لائے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے کپڑے سمیٹ لئے اور مسجد قبا میں جھاڑو دیا۔

خطیب بغدادی علیہ الرحمۃ نے ''تاریخ بغداد'' (ج ۲ ص ۱۳) پر تخریج کی۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے حالات میں محمد بن منصور سے۔ محمد بن منصور روایت فرماتے ہیں:

''ہم ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری علیہ الرحمۃ کی مجلس میں تھے۔ ایک انسان نے اپنی داڑھی سے تنکا نکالا اور اسے زمین پر پھینک دیا۔ محمد بن منصور علیہ الرحمۃ کہتے ہیں کہ میں نے محمد بن اسماعیل بخاری علیہ الرحمۃ کو دیکھا کہ وہ اس تنکے اور لوگوں کی طرف دیکھ رہے تھے۔ جب لوگوں کی توجہ ہٹ گئی تو میں نے دیکھا کہ حضرت امام بخاری علیہ الرحمۃ نے اپنا دست اقدس بڑھایا اور تنکے کو زمین سے اُٹھایا اور اس تنکے کو اپنی آستین میں داخل کر لیا۔ حضرت امام بخاری علیہ الرحمۃ مسجد سے نکلے میں نے دیکھا کہ آپ نے تنکے کو نکالا اور اس تنکے کو زمین پر پھینک دیا''۔

حدیث نمبر 36

شیخ الحنابلہ عبداللہ بن عقیل مختلف واسطوں کے ساتھ سندِ حدیث کو حضرت عمرو بن شعیب علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ وہ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے کہ رسول اللہ ﷺ نے مسجد میں خرید وفروخت کرنے سے منع فرمایا۔ اور یہ کہ اشعار پڑھے جانے سے اور یہ کہ گمشدہ چیز کو تلاش کیا جائے اور حلقوں سے جمعہ کے دن نماز سے پہلے۔

تشریح:۔

یعنی نماز جمعہ اور خطبہ سے قبل کسی قسم کا کوئی علمی مذاکرہ یا کوئی مجلس نہ لگائے بلکہ ہمہ تن گوش ہو کر خطبہ امام اور نماز جمعۃ المبارک ادا کرے۔

تخریج:۔

مسند احمد: ج ۲ ص ۱۷۹۔ امام احمد بن حنبل

سنن ابوداؤد۔ رقم الحدیث: ۱۰۷۹۔

ابن خزیمہ۔ رقم الحدیث: ۱۳

حدیث نمبر 37

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حدیث کو امام مسلم علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں ۔حضرت امام مسلم علیہ الرحمۃ اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں سے حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں کہ بے شک حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ وہ مسجد میں اشعار پڑھ رہے تھے ۔وہ ان سے ناراض ہوئے۔

حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے کہا، تحقیق میں اس ذات کے سامنے اشعار پڑھتا تھا جو تجھ سے بہتر تھی (یعنی رسول اللہ ﷺ) پھر حضرت حسان رضی اللہ عنہ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے انہوں نے کہا، میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں ۔کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا؟ آپ ﷺ فرماتے تھے تو میری طرف سے جواب دے اللہ تعالیٰ جل جلالہ جبریل امین علیہ السلام کے ذریعے حسان کی مدد فرمائے ۔حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی قسم

تخریج:۔

مسلم شریف ۔کتاب فضائل الصحابۃ باب حسان بن ثابت

حدیث نمبر 38

شیخ الحنابلۃ شیخ عبد اللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ تک حدیث کو پہنچاتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ لوگ مساجد کو بنانے میں باہم فخر کریں گے۔

تشریح:۔

مساجد کو فقط اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی رضا کے لئے بنانا چاہیے۔

تخریج:۔

مسند احمد: ج ۳ ص ۱۳۴　　　　سنن نسائی: ج ۲ ص ۳۲

اور اس حدیث کی اسناد صحیح ہیں۔

حدیث نمبر 39

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سند حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت امام زہری علیہ الرحمۃ تک پہنچاتے ہیں۔ وہ حضرت سالم علیہ الرحمۃ سے روایت کرتے ہیں اور حضرت سالم علیہ الرحمۃ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت فرماتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تم میں سے کسی کی بیوی مسجد میں جانے کی اجازت مانگے سو وہ اپنی بیوی کو منع نہ کرے۔

تخریج:۔

اخرجه مسلم فی کتاب الصلوٰة۔ باب خروج النساء الی المساجد اذا لم يترتب عليه فتنة (۴۴۲)

حدیث نمبر 40

شیخ الحنابلہ شیخ عبداللہ بن عقیل اپنی سندِ حدیث کو مختلف واسطوں کے ساتھ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں
۔انہوں نے فرمایا کہ سیدنا رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

تم نہ روکو اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی بندیوں کو اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے گھروں سے اور چاہیے کہ وہ گھروں سے نکلیں اس حال میں کہ وہ خوشبو لگانے والی نہ ہوں۔

آپ ﷺ کے فرمان "تفلات" کا معنیٰ یعنی وہ عورتیں خوشبو لگانے والی نہ ہوں۔

تخریج:۔

مسند امام شافعی علیہ الرحمۃ: ج ۱ ص ۱۰۲ مسند احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ۔ ج ۲ ص ۴۳۸

اس حدیث کی سند جید ہے۔

اربعین کا اختتام ہوا اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

آج مورخہ ۱۳ نومبر ۲۰۱۹ء بروز بدھ بوقت صبح ۹ بجے ترجمہ مکمل ہوا۔

الأربعون في فضل المساجد وعمارتها

مما رواه شيخ الحنابلة

عبد الله بن عقيل

بأسانيده عن شيوخه

تخريج

محمد بن ناصر العجمي

١ ـ أخبرنا الشيخ المعمر علي بن ناصر أبو وادي[1] إجازةً، صحيح وكتبه عبدالله بن عقيل[2]
أخبرنا الشيخ محمد نذير حسين الحسيني الدِّهْلوي، أخبرنا محمد إسحاق بن محمد أفضل بن أحمد الدهلوي، أخبرني جدي لأمي عبد العزيز بن ولي الله الدِّهلوي، أخبرنا أبـي، أخبرنا أبو طاهر الكُوراني المدني، أخبرنا والدي الشيخ إبراهيم الكردي، أخبرنا حسن بن علي العجيمي المكي، أخبرنا محمد بن علاء الدِّين البابلي، أخبرنا سالم بن محمد السنهوري، أخبرنا محمد بن أحمد الغَيْطي، أخبرنا زكريا بن محمد الأنصاري، أخبرنا أحمد بن علي بن حجر

---

(١) وُلد الشيخ علي بن ناصر بن وادي في عنيزة من أعمال القصيم سنة (١٢٧٣هـ) وقرأ على علمائها، وأخذ عن علماء بريدة كالشيخ سليمان بن مقبل، والشيخ محمد بن عمر بـن سليـم، ثـم سـافـر إلـى الـريـاض وقـرأ علـى الشيـخ عبـد اللطيـف بـن عبـد الرحمن بن حسن وغيـره، ثم رحل إلى الهنـد وشرع في القـراءة على الشيـخ المحدث نذير حسين وأخـذ عنه سند الأمهات الـستة وغيرها، وعاد بعـدها إلى بلده عنيـزة فأم ودرس في مـسجـد (الجديدة) بهـا، وأخـذ عنـه جماعـة الأمهات الست وغيرها، توفي سنة (١٣٦١هـ). «علماء نجد خلال ثمانية قرن» (٥/ ٣٠٥)، و«روضة الناظرين عن مآثر علماء نجد وحوادث الـسنين» للقاضي (٢/ ١٢٦).

(٢) هذا خط شيخنا العقيل وسيتكرر بجانب كل إسناد جرياً على طريقة المحدِّثين، وذلك حينما أطلعته حفظه الله على «ثبت إبراهيم القرشي القلقشندي» الذي كان يوقع تحت كل رواية له.

العسقلاني، أخبرنا جماعة منهم: إبراهيم بن أحمد بن عبد الواحد البعلي، نزيل القاهرة، أخبرنا أبو العباس أحمد بن أبي طالب الصالحي الحجار المعروف بابن الشحنة، أخبرنا الحسين بن المبارك الزَّبيدي، أخبرنا عبد الأول بن عيسى السِّجزي، أخبرنا عبد الرحمن بن محمد بن المظفر الداودي، أخبرنا عبد الله بن محمد بن حمويه، أخبرنا محمد بن يوسف الفِربري، أخبرنا محمد بن إسماعيل البخاري:

حَدَّثَنَا مُوسَىٰ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ:

سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ الله، أَيُّ مَسْجِدٍ وُضِعَ فِي الأَرْضِ أَوَّلاً؟ قَالَ: «الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ»، قَالَ: قلت: ثُمَّ أيٌّ؟ قال: «الْمَسْجِدُ الأَقْصَىٰ»، قلت: كَمْ كَانَ بَيْنَهُمَا؟ قال: «أَرْبَعُونَ سَنَةً، ثُمَّ أَيْنَمَا أَدْرَكَتْكَ الصَّلاةُ بَعْدُ فَصَلِّهِ، فَإِنَّ الْفَضْلَ فِيهِ».

أخرجه البخاري، في كتاب الأنبياء (٣٣٦٦)، ومسلم في كتاب المساجد ومواضع الصلاة (٥٢٠).

* * *

٢ ـ أخبرنا الشيخ علي بن ناصر أبو وادي إجازةً، أخبرنا نذير حسين الدهلوي، أخبرنا محمد إسحاق الدهلوي، أخبرنا الشاه عبد العزيز بن ولي الله أحمد بن عبد الرحيم الدهلوي، أخبرنا والدي، أخبرنا أبو طاهر الكوراني، أخبرنا والدي، أخبرنا سلطان بن أحمد المَزّاحي، أخبرنا أحمد بن خليل السبكي، عن النجم الغَيْطي، عن زكريا الأنصاري، عن رضوان بن محمد العقبي القاهري، أخبرنا محمد ابن محمد بن عبد اللطيف الرَّبعي، أخبرنا عبد الرحمن بن محمد بن عبد الحميد بن عبد الهادي المقدسي، أخبرنا أحمد بن عبد الدائم بن نعمة المقدسي، أخبرنا محمد بن علي بن صدقة الحراني، أخبرنا محمد بن الفضل الفُراوي، أخبرنا عبد الغافر بن محمد الفارسي النيسابوري، أخبرنا محمد بن عيسى الجُلُودي، أخبرنا إبراهيم بن محمد بن سفيان النيسابوري، أخبرنا مسلم بن الحجاج النيسابوري: صحيح وكتبه عبدالله بن عقيل

حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، جَمِيعاً عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ.

قَالَ عَمْرٌو: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ: «لاَ تُشَدُّ الرِّحَالُ إلاَّ إِلَى ثَلاَثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِي هَـٰذَا، وَمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الأَقْصَىٰ».

هذا لفظ مسلم، وقد أخرجه في كتاب الحج، باب لا تشد الرِّحال إلاَّ إلى ثلاثة مساجد (١٣٩٧)، وأخرجه البخاري في كتاب فضل الصلاة في مَسْجِدِ مكة والمدينة، باب فضلِ الصلاةِ في مَسْجِدِ مَكَّةَ والمدينة (١١٨٨).

* * *

٣ ــ أخبرنا الشيخ عبد الغني الدقر[١] إجازة، عن محمد بن جعفر الكتاني المالكي عن عبد الله بن عودة بن عبد الله صوفان القدومي النابلسي الحنبلي، عن حسن بن عمر الشطي الدِّمشقي الحنبلي عن مصطفى السيوطي الرحيباني، عن أحمد البعلي، عن عبد القادر التغلبي، عن أبي المواهب الحنبلي، عن أبيه عبد الباقي، عن الشهاب أحمد بن علي الوفائي، عن موسى بن أحمد الحجاوي، عن عمر بن إبراهيم بن عبد الله بن مفلح، عن أحمد بن الحسن بن عبد الهادي، عن محمد بن أحمد بن عبد الله بن أبي عمر المقدسي، عن علي بن أحمد بن عبد الواحد المعروف بابن البخاري، عن حنبل بن عبد الله الرصافي، عن أبي القاسم هبة الله بن محمد بن عبد الواحد بن الحسين، عن أبي علي الحسن بن علي بن المُذْهب الواعظ، عن أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القَطيعي، عن أبي عبد الرحمن عبد الله بن أحمد بن محمد بن حنبل، عن الإمام أحمد بن محمد بن حنبل:

حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو إِسْحَاقَ

---

(١) هو الشيخ عبد الغني بن محمد علي الدقر الدّمشقي وُلد سنة (١٣٣٥هـ) ودرس على والده، ومحمد بدر الدين الحسني، وأجازه جماعة، منهم: محمد أمين سويد ومحمود رشيد العطار، ومحمد بن جعفر الكتاني، وهو عالم لغوي فقيه شافعي، من أشهر مؤلفاته المفيدة «معجم القواعد العربية» توفي سنة (١٤٢٣هـ) أفرد أسانيده نور الدين طالب، وترجم له إياد الطباع ترجمة مستقلة طبعت في دار القلم بدمشق.

الفِزَارِيُّ، حَدَّثَنَا الأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ:

سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ: «إِنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ عَلَيْهِ ٱلسَّلامُ سَأَلَ اللَّهَ ثَلاثاً، فَأَعْطَاهُ اثْنَتَيْنِ، وَنَحْنُ نَرْجُو أَنْ تَكُونَ لَهُ ٱلثَّالِثَةَ: فَسَأَلَهُ حُكْماً يُصادِفُ حُكْمَهُ، فَأَعْطَاهُ اللَّهُ إِيَّاهُ، وَسَأَلَهُ مُلْكاً لا يَنْبَغِي لأَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ، وَسَأَلَهُ أَيُّمَا رَجُلٍ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ لَا يُرِيدُ إِلَّا ٱلصَّلاةَ فِي هٰذا ٱلْمَسْجِدِ خَرَجَ مِنْ خَطِيئَتِهِ مِثْلَ يَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ، فَنَحْنُ نَرْجُو أَنْ يَكُونَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ أَعْطَاهُ إِيَّاهُ».

أخرجه أحمد (٢/١٧٦) وهذا لفظه، وأخرجه ابن حبان (١٦٣٣ ـ الإحسان)، والحاكم في «المستدرك» (٢/٤٣٤)، وصححه الحافظ ابن حجر في «فتح الباري» (٦/٤٠٨).

* * *

٤ ـ وبالسند المتقدم في الحديث رقم (١) إلى البخاري قال:

حَدَّثَنا عبدُ اللّٰهِ بنُ يوسفَ قال: أخبرَنَا مالكٌ عَنْ زيدِ بنِ رَبَاحٍ وعُبيدِ اللّٰهِ بنِ أبـي عبدِ اللّٰهِ الأغرِّ، عن أبـي عبدِ اللّٰهِ الأَغَرِّ، عن أبـي هريرةَ رضيَ اللّٰهُ عنهُ أن النبـيَّ ﷺ قال:

«صَـلاَةٌ فِـي مَسْجِـدِي هٰـذا خَيْـرٌ مِـنْ أَلْـفِ صَـلاةٍ فِيمَـا سِـوَاهُ إلاَّ ٱلْمَسْجِدَ ٱلْحَرَامَ».

أخرجه البخاري في كتاب فَضْلِ الصَّلاة في مسجد مَكَّة والمدينة، باب فضل الصلاة في مسجد مكة والمدينة (١١٩٠)، ومسلم في كتاب الحج، باب فضل الصلاة بمسجدي مكة والمدينة (١٣٩٤).

* * *

٥ ــ وبالسند المتقدم في الحديث رقم (٢) إلى مسلم قال:

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الْخَرَّاطِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: مَرَّ بِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: كَيْفَ سَمِعْتَ أَبَاكَ يَذْكُرُ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ؟

قَالَ: قَالَ أَبِي: دَخَلْتُ عَلَىٰ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ فِي بَيْتِ بَعْضِ نِسَائِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُّ الْمَسْجِدَيْنِ الَّذِي أُسِّسَ عَلَىٰ التَّقْوَىٰ؟ قَالَ: فَأَخَذَ كَفًّا مِنْ حَصْبَاءَ فَضَرَبَ بِهِ الْأَرْضَ. ثُمَّ قَالَ: «هُوَ مَسْجِدُكُمْ هَٰذَا» (لِمَسْجِدِ الْمَدِينَةِ). قَالَ: فَقُلْتُ: أَشْهَدُ أَنِّي سَمِعْتُ أَبَاكَ هَٰكَذَا يَذْكُرُهُ.

أخرجه مسلم في كتاب الحج، باب بيان المسجد الذي أسس على التقوى هو مسجده ﷺ (١٣٩٨).

وقد حصل خلاف بين أهل العلم في المراد بالمسجد الذي أُسس على التقوى هل هو مسجد النبي ﷺ أو مسجد قباء؟

قال شيخ الإسلام ابن تيمية بعد كلام له: «فتبين أن كلا المسجدين أُسس على التقوى، لكن مسجد المدينة أكمل في هذا النعت، فهو أحق بهذا الاسم»[١]، ونحوه كلام الحافظ ابن حجر في «فتح الباري» (٧/ ٢٤٥).

* * *

(١) «مجموع الفتاوى» له (٢٧/ ٤٠٦).

٦ ــ أخبرنا الشيخ عبد الحق بن عبد الواحد الهاشمي[1] إجازةً، عن حسين بن حيدر الهاشمي وعبد التواب بن عبد الوهاب الإسكندرآبادي، عن حسين بن محسن الأنصاري، عن محمد بن ناصر الحازمي، عن محمد بن علي الشوكاني، عن صديق بن علي المزجاجي، عن سليمان بن يحيى الأهدل، عن أحمد بن محمد الأهدل، عن أحمد بن محمد النخلي، عن إبراهيم الكردي، عن أحمد بن محمد المدني، عن الشمس الرملي، عن زكريا الأنصاري، عن عبد الرحيم بن محمد الفرات، عن محمود بن خليفة المنبجي، عن عبد المؤمن بن خلف الدمياطي، عن علي بن الحسين بن المُقير، عن أحمد بن علي بن خلف الشيرازي، أخبرنا محمد بن عبد الله بن محمد الحاكم:

حَدَّثَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدِ الْقَنْطَرِيُّ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي بِمَرْوٍ، قَالا: ثَنَا الْحَارِثُ بْنُ أَبِي أُسَامَةَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَىٰ بْنِ الطَّبَّاعِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الحَزَّامِيُّ قَالَ:

سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حَنِيفِ يَقُولُ: قَالَ أَبِي:

---

(١) هو العالم المسند الشيخ عبد الحق بن عبد الواحد الهاشمي العمري، وُلد في الهند سنة (١٣٠٢هـ) وطلب العلم في صغره، فأخذ عن علماء عصره في الديار الهندية والحرمين الشريفين وغيرها، وقد أفاض في ذكر شيوخه وما أخذه عنهم في ترجمته لنفسه المطبوعة ضمن رسائله في المجموعة الثالثة (ص ١٢٥ ــ ١٤٣) كما ذكرهم في ثبته الكبير الذي لم يطبع بعد، ودرس في المسجد الحرام من سنة (١٣٦٧هـ) إلى وفاته سنة (١٣٩٢هـ).

✓

